© rasailojaraid.com

ایک اسلامی دوامی جنتری بھی ہے جس میں ہر انگریزی مہینہ پر طلوع وغروب وغیرہ کا وقت بیان کیا گیا ہے لیکن ظاہر ہے یہ جنتری ہر ایک مقام کے لئے کارآمد نہیں ہو سکتی۔ بہرحال اتر پردیش کے اکثر مقامات میں یہ کارآمد ہوگی اور دوسرے مقامات کے لوگ عرض البلد کو دیکھ کر اوقات کا تعین کر سکتے ہیں

سلاطینِ ہند کی علم پروری

از جناب محمد حفیظ اللہ صاحب تقطیع خورد کتابت وطباعت متوسط ضخامت ۱۶۸ صفحات قیمت غیر مجلد عہ پتہ مسلم اکاڈمی۔ پھلواری شریف (پٹنہ)

ہندوستان کے مسلمان بادشاہوں نے اس ملک کی جو خدمات انجام دی ہیں وہ تاریخ کے صفحات کے انمٹ نقوش ہیں انھوں نے جہاں اور خدمات انجام دیں ایک بڑی خدمت یہ بھی کہ بلا تفریق مذہب و ملت انھوں نے ہر قوم کے علما اور فضلاء کی قدردانی کی ان کے خوانِ کرم سے جہاں عربی و فارسی کے علماء نے فیض اُٹھایا۔ سنسکرت اور بھاشا کے فضلا بھی اس سے محروم نہیں رہے ان کی ان علمی قدردانیوں کے صدہا واقعات بڑی بڑی ضخیم کتابوں میں بکھرے پڑے ہیں۔ زیرِ تبصرہ کتاب میں انھیں واقعات کو خاندان وار مرتب کر دیا گیا ہے۔ حاشیہ میں ماخذ کا حوالہ بھی مذکور ہے۔ زبان آسان اور عام فہم ہے۔ اُردو سے زیادہ ایسی کتابوں کی اشاعت ہندی میں ہونی چاہیئے۔

وحی الٰہی

تالیف مولانا سعید احمد صاحب ایم۔ اے رفیق ندوۃ المصنفین

وحی اور اس سے متعلق مباحث پر محققانہ کتاب جس میں اس مسئلہ کے ایک ایک پہلو پر ایسے دل پذیر و دل کش انداز میں بحث کی گئی ہے کہ وحی اور اس کی صداقت کا نقشہ آنکھوں کو روشن کرتا ہوا دل میں سما جاتا ہے اور حقیقتِ وحی سے متعلق تمام خلشیں صاف ہو جاتی ہیں۔ کاغذ نہایت اعلیٰ، کتابت نفیس ستاروں کی طرح چمکتی ہوئی، طباعت عمدہ، صفحات ۲۰۰ قیمت ۳ے مجلد للعہ

© rasailojaraid.com